# دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن سنٹرل کرم ڈوگر

## نیلام عام

اشتہار برائے نیلام عام ذرائع آمدن تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن سنٹرل کرم ڈوگر برائے ایک سال 2026 تا 2027 بذریعہ E-Auction بحوالہ محکمہ بلدیات و دیہی ترقی خیبر پختونخوا پشاور مراسلہ نمبر AO-II/LCB/6-11/2026 مورخہ 07-05-2026 تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن سنٹرل کرم ڈوگر مندرجہ ذیل ٹھیکہ بذریعہ E-Auction برائے ایک سال 2026-2027 از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 درج ذیل پروگرام کے تحت نیلام کرنا چاہتی ہیں۔ خواہش مند حضرات جو 2026-2027 کے لیے لوکل کونسل بورڈ، حکومت خیبر پختونخوا پشاور کے ساتھ متعلقہ کلاس میں رجسٹرڈ ہوں، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن سنٹرل کرم ڈوگر یا کسی اور بلدیاتی ادارے کا نادہندہ نہ ہو، محکمہ لوکل گورنمنٹ الیکشن اینڈ رورل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ www.cfmis.lgkp.gov.pk پر وزٹ کر کے نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ شیڈول نیلامی درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | زر بیعانہ (روپے) | نیلامی کی پہلی تاریخ | نیلامی کی دوسری تاریخ | نیلامی کی تیسری تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | میونسپل سروس فیس | 100000 | 22 تا 24 جون 2026<br>بوقت 9:00 تا 4:00 بجے | 29 جون تا 01 جولائی 2026<br>بوقت 9:00 تا 4:00 بجے | 06 جولائی تا 08 جولائی 2026<br>بوقت 9:00 تا 4:00 بجے |

### چیدہ چیدہ شرائط نیلامی۔

1: نیلامی E-Baldia/e-Auction System کے ذریعے ویب سائٹ https://cfmis.lgkp.gov.pk پر اوپر دیئے گئے شیڈول کے مطابق منعقد کی جائے گی۔ نیلامی میں شرکت کو تمام شرائط وضوابط کی مکمل اور غیر مشروط قبولیت تصور کیا جائے گا۔

2: بولی دینے سے پہلے ویب سائٹ پر دی گئی ہدایت / شرائط وضوابط کو غور سے پڑھ کر سمجھ کر آن لائن سسٹم پر سوچ سمجھ کر بولی دیں۔

3: غلط بولی کی ذمہ داری بولی دینے والے پر عائد ہوگی اور بولی کے بعد واپس نہیں لی جائیگی۔

4: بولی دہندگان ویب سائٹ پر درج کردہ غلط معلومات دینے کے نتیجے میں ٹھیکہ دار کو بلیک لسٹ کیا جائے گا۔

5: ینلامی میں صرف وہی ٹھیکہ دار / فرم حصہ لے سکتے ہیں جو متعلقہ زمرے میں برائے سال 2026-2027ء لوکل کونسل بورڈ میں باقاعدہ رجسٹرڈ ہوں اور سابقہ ٹی ایم اے سنٹرل کرم ڈوگر یا کسی بھی بلدیاتی ادارے کے بقایا دار / نادہندہ نہ ہوں۔

6: ہر ٹھیکہ کے لیے گزشتہ سال کی کل آمدنی کے مندرجہ بالہ پانچ فیصد (05%) کے برابر کال ڈیپازٹ / سی ڈی آر ٹی ایم اے سنٹرل کرم ڈوگر کے حق میں نیلامی کی آخری تاریخ سے کم از کم دو (02) دن قبل سسٹم پر اپلوڈ کرنا لازمی ہے۔

7: کامیاب بولی دہندہ تین (03) دن کے اندر پندرہ فیصد (15%) پیشگی اور پانچ فیصد (05) سیکورٹی ٹی ایم اے سنٹرل کرم ڈوگر کے اکاؤنٹ میں جمع کرائے گا۔ عدام ادائیگی پر بولی منسوخ اور کال ڈیپازٹ ضبط ہوگا۔ ٹھیکہ دوسرے بلند ترین بولی دہندہ کو پیش کیا جا سکتا ہے۔

8: سالانہ وصولی ٹھیکہ جات میں پچاس فیصد (50%) پیشگی اور بقیہ تین مساوی اقساط میں ادا کیا جائے گا۔ ماہانہ قسط ہر ماہ کی پانچ (05) تاریخ تک لازمی ہے۔ تاخیر پر دو فیصد (02%) جرمانہ اور پندرہ (15) تاریخ تک ٹھیکہ منسوخ ہوسکتا ہے۔

9: کامیاب ٹھیکدار کو دو (02) ضامن پیش کرنے ہوں گے جو ٹھیکہ کی رقم کے برابر غیر منقولہ جائیداد کے مالک ہوں اور فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ ہوں۔

10: کامیاب بولی دہندہ سات (07) دن کے اندر ٹی ایم اے سنٹرل کرم ڈوگر کے ساتھ معاہدہ دستخط کرے گا۔ تمام وفاقی صوبائی ٹیکس، ڈیوٹیز اور لیویز / انکم ٹیکس ٹھیکدار خود برداشت کرے گا۔ ٹھیکہ کی رقم میں کسی صورت رعایت یا کمی / REMISSION قابل اجازت نہیں۔

11: ٹھیکہ کسی دوسرے فریق کو ذیلی ٹھیکے یا منتقل نہیں کیا جاسکتا۔ منظور شدہ نرخنامے سے زائد وصولی پر گیارہ (11) گنا جرمانہ عائد ہوگا۔ بولیوں میں ہیرا پھیری یا میلی بھگت پر بلیک لسٹنگ اور قانونی کاروائی ہوگی۔

12: تنازعہ کی صورت میں ریجنل میونسپل آفیسر کوہاٹ بطور ثالث کام کریں گے اوران کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ بولی دہندہ صوبائی حکومت کی شرائط بحوالہ نوٹیفیکیشن نمبر AO-II/LCB/6-11/2026 مورخہ 07-05-2026 کا پابند ہوگا۔

13: مناسب بولی یا بولی نہ ہونے کی صورت میں ٹھیکہ جات کو نیلامی کے لیے اسی اشتہار میں وضع شدہ تاریخوں کو آن لائن نیلامی کے لیے دوبارہ پیش کیا جائے گا۔

14: تمام خواہشمند حضرات/بولی دہندہ گان و دیگر شرائط ٹھیکہ جات اور آن لائن کی طریق کار پر کسی بھی قسم کی رہنمائی حاصل کرنے کے لیے دفتری اوقات کار میں تحصیل آفیسر (ریگولیشن)، ٹی ایم اے سنٹرل کرم ڈوگر کے ساتھ رابطہ کرسکتے ہیں۔

نوٹ: آن لائن بولی پیر صبح 8:00 بجے سے لیکر بروز بدھ 4:00 بجے تک بالترتیب پہلی بار نیلامی، اور تیسری باری نیلامی کے لیے مختص شدہ تاریخوں پر ہوگی۔ بولی میں حصہ لینے والا ٹھیکیدار کسی بھی لوکل کونسل کا نا ہندہ نہ ہو۔ بصورت دیگر بولی منسوخ ہوگی اور ذر بیعانہ کی رقم بحق ٹی ایم اے سنٹرل کرم ڈوگر ضبط کی جائے گی۔

المشتہر: تحصیل میونسپل آفیسر
ٹی ایم اے سنٹرل کرم ڈوگر

بحکم: تحصیل چیئر مین سنٹرل کرم
ٹی ایم اے سنٹرل کرم ڈوگر